روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 23 دسمبر 2008ء 24 ذوالحج 1429 ہجری 23 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 289

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور عیادت مریض

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیمار ہوئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکرؓ کو ساتھ لے کر پیدل ان کی عیادت کے لئے گئے۔ اس وقت حضرت جابرؓ بے ہوش تھے۔ رسول اللہؐ نے وضو کے لئے پانی منگوایا۔ وضو کیا اور کچھ پانی حضرت جابرؓ پر ڈالا چنانچہ وہ ہوش میں آ گئے۔

(صحیح بخاری کتاب المرضٰی حدیث نمبر:5219)

اللہ تعالیٰ کے شافی مطلق ہونے، علاج کے ساتھ دعا وصدقات کرنے اور اسی طرح شہد پر تحقیقات کا تذکرہ

انسان کسی ڈاکٹر یا دوائی پر انحصار نہ کرے اصل شافی تو خدا تعالیٰ ہے

احمدیوں کو ہر قسم کی ریسرچ کے میدان میں آگے آنا چاہئے کیونکہ دنیا کو اس کی ضرورت ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 19 ؍دسمبر 2008ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 19 دسمبر 2008ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ متعدد زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ دنیا میں کروڑوں انسان روزانہ مختلف بیماریوں اور وباؤں کا شکار ہوتے ہیں۔ بعض اپنی غربت کی وجہ سے علاج نہیں کروا سکتے اور بعض کو باوجود علاج کی سہولتوں کے شفاء نہیں ملتی۔ بعض اپنی غلطیوں کی وجہ سے بیماریوں کا شکار ہو کر موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں لیکن بعض کو اللہ تعالیٰ بڑی خطرناک بیماریوں سے شفاء دے دیتا ہے اور بعض مریض کسی کی یا اپنی دعا سے صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ یہ تمام باتیں ایک سعید فطرت انسان کو یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہیں کہ ان سب عوامل اور ذریعوں کے پیچھے کوئی ایسی ہستی ہے جو شفاء کے عمل کا اصل محرک اور وجہ ہے۔ یاد رکھیں کہ سب صورتوں میں اللہ تعالیٰ کی ذات ہی شفاء دینے والی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی شافی ذات صرف انسان تک ہی محدود نہیں بلکہ تمام جاندار، چرند پرند بلکہ نباتات بھی اس کا نمونہ دکھا رہے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ انسان کے لئے اللہ تعالیٰ نے جسمانی شفاء کے علاوہ اس کے ساتھ ساتھ روحانی شفاء کا بھی انتظام کیا ہوا ہے اور روحانیت کی ترقی اور اپنے قریب کرنے اور روحانی بیماریوں کو دور کرنے کے لئے اپنے انبیاء اور نیک لوگوں کو اللہ تعالیٰ دنیا میں بھیجتا ہے۔ اگر انسان اپنی عقل کا صحیح استعمال کرے تو اس بات پر اللہ تعالیٰ کے آگے جھکتا چلا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح اس کی روحانی اور جسمانی شفاء کیلئے سامان پیدا فرمائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آج بھی انسان کو بتانے کے لئے کہ شافی تم نہیں بلکہ میں ہوں ایسے کیس جن پر بعض اوقات ڈاکٹروں کو سو فیصد یقین ہوتا ہے کہ وہ بچ جائیں گے لیکن اللہ تعالیٰ انہیں شفا نہیں دیتا۔ حضرت مسیح موعود کی زندگی میں آپ کے ساتھ ہونے والے ایک واقعہ کا ذکر کر کے فرمایا کہ اللہ والوں کا یہی طریقہ ہوتا ہے کہ بیماری کی صورت میں بھی کامل یقین اللہ تعالیٰ پر ہوتا ہے نہ کسی معالج پر اور نہ ہی کسی دوائی پر۔ طبیب تو جیسا کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ایک ہمدردی کرنے والا شخص ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارے ڈاکٹر ربوہ اور افریقہ میں اپنے نسخوں کے اوپر ھوالشافی لکھتے ہیں۔ اگر ہر ڈاکٹر دنیا میں ہر جگہ اس طرح لکھتا ہو اور ترجمہ بھی لکھے تو یہ بھی ایک نیک اثر دوسروں پر ڈالنے والی بات ہو گی اور خدا تعالیٰ اس کے ہاتھ میں شفاء بھی بڑھا دے گا۔ مریض کو بھی یہ نہیں سوچنا چاہئے کہ فلاں ڈاکٹر اگر میرا علاج کرے گا تو ٹھیک ہو جاؤں گا یا فلاں ہسپتال سب سے اچھا ہے وہاں جاؤں گا تو ٹھیک رہوں گا، کیونکہ یہ بات بھی ایک طرح سے مخفی شرک میں شمار ہو جاتی ہے۔ فرمایا کہ یہ بات درست ہے کہ سہولتوں سے فائدہ حاصل کرنا چاہئے لیکن مکمل انحصار ان پر نہ ہو بلکہ ہمیشہ یہ سوچنا چاہئے کہ شافی اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، اگر اللہ تعالیٰ کا اذن ہو گا تو میں شفا پاؤں گا۔ جس ڈاکٹر سے بھی مریض علاج کروا رہا ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ اس ڈاکٹر کے ہاتھ میں شفا رکھ دے اور صحیح راستہ سمجھائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ قرآن کریم میں شفاء کے حوالے سے خاص طور پر شہد کا ذکر ہے اور اسے **شفاء للناس** کہا گیا ہے بیشمار ریسرچ دنیا میں شہد پر ہو رہی ہے اور ہوئی بھی ہے۔ احمدیوں کو بھی ریسرچ کے میدان میں آگے آنا چاہئے۔ مجھے نہیں پتہ کہ اس وقت کوئی احمدی اس فیلڈ میں ہے کہ نہیں اگر کوئی ہے تو وہ مجھے بتائے اس بارے میں۔ احمدی طلباء ہر قسم کی ریسرچ کے میدان میں آگے آئیں۔ دنیا کو اس کی ضرورت بھی ہے۔ حضور انور نے بعض احادیث پیش کیں جن سے آپؐ نے بعض چیزوں کو بعض بیماریوں کے لئے علاج قرار دیا ہے۔ مکھی کے بارے میں آنحضرتؐ کا ارشاد بیان کر کے فرمایا کہ آج کے سائنسدان بھی اس پر ریسرچ کر رہے ہیں اور اس نتیجے پر پہنچ رہے ہیں کہ اس میں ایسی چیز ہے جو بیکٹیریا کو ختم کرتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرتؐ نے اپنے ماننے والوں کو یہی بتایا ہے اور زور دیا ہے کہ علاج کے ساتھ صدقہ اور دعا بھی کرو۔ اس کے واقعات بھی ہمیں آنحضرتؐ اور آپؐ کے صحابہؓ کی زندگی میں ملتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود اور آپ کے رفقاء کی زندگی میں بھی ملتے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے شفا پانے اور احیائے موتیٰ کے نشان آج تک ہم دیکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی دعاؤں کو سن کر اپنے شافی ہونے کی صفت کو حرکت میں لاتا ہے اور مریض شفا پاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری دعاؤں کو قبول فرماتے ہوئے ہمارے سب مریضوں کو شفا عطا فرمائے۔ آمین

فروغ علم، ہماری قومی ذمہ داری

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ عیدالفطر فرمودہ 13 ؍اکتوبر 2007ء میں فرمایا کہ:۔ اگر طلباء اور ان کے والدین بچوں کے امتحان میں پاس ہونے پر کچھ شکرانے کے طور پر اس مد (طلباء کی امداد) میں دیں تو کئی غریب ضرورت مندوں کا بھلا ہو سکتا ہے...... یہ احساس بچوں کے اندر پیدا کرنا چاہئے کہ غریبوں کی ضرورتیں پوری کریں۔

(خلفاء احمدیت کی تحریکات صفحہ 517)

احمدی طلباء کی امداد کے لئے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں شعبہ ’’امداد طلبہ‘‘ قائم ہے اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء کی ٹیوشن فیس، یونیفارم، درسی کتب، کاپیاں کمپیوٹر فیس اور مقابلہ جات کی اشاعت میں حسب گنجائش مالی معاونت کی جاتی ہے۔ پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات کی شرح اس طرح سے ہے۔

حکومتی ادارہ جات

پرائمری؍سیکنڈری:۔ 15 صد تا 2 ہزار روپے
کالج لیول:۔ تین ہزار تا 7 ہزار روپے
ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔
30 ہزار تا 50 ہزار روپے

پرائیویٹ ادارہ جات

پرائمری؍سیکنڈری: 6 ہزار تا 8 ہزار روپے
کالج لیول: 12 ہزار تا 20 ہزار روپے
ایم ایس سی و پیشہ ور ادارہ جات:۔
1 لاکھ تا 3 لاکھ روپے

شعبہ امداد طلبہ کی مساعی

1۔ گزشتہ پانچ سالوں میں 3 ہزار 134 ذہین طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کی توفیق ملی۔
2۔ داخلہ جات کی تعداد جو یکمشت ادا کی جاتی رہی ہیں وہ 656 سالانہ ہے۔ 3۔ یونیفارم، کتب اور بیگ وغیرہ جو لے کر دیئے گئے ان کی تعداد 825 سالانہ ہے۔

آپ اس کار خیر میں حصہ لینے کیلئے اپنے عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوا سکتے ہیں۔

فون: 047-6212473
Cell:0332-7079462,0321-7707403
Email:ntaleem@gmail.com

(نظارت تعلیم)

جلسہ مذاہب عالم 1896ء کے دو قابل ذکر پہلو

حضرت مولانا نورالدین صاحب کے افتتاحی اور اختتامی خطاب اور حضرت میر ناصر نواب صاحب کی نظم

مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد

انیسویں صدی کا آخری عشرہ نئی دنیا (امریکہ) اور جنوبی ایشیا میں اپنے پُرشکوہ جلسہ مذاہب عالم کے لئے ہمیشہ یادگار رہے گا۔ امریکن پریس کی خبر اور رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ شکاگو کا جلسہ نہایت پُرشکوہ تھا جس میں پانچ ہزار آدمی شامل ہوئے۔ جلسہ ایسے وقار، شائستگی اور نظم وضبط سے ہوا کہ جلسہ میں اگر کوئی شور وشغب تھا تو صرف پولیس انسپکٹروں کا تھا۔ یہ اجتماع امریکہ کے متمول اور فاضل لوگوں کی کوشش سے ہوا اور اسے ”پارلیمنٹ آف ریلیجنز“ سے موسوم کیا گیا۔

دوسری طرف لاہور کا جلسہ اعظم مذاہب (دھرم مہوتسو) 26 سے 29 دسمبر 1896ء کو انجمن حمایت اسلام کے اسلامیہ کالج میں ہوا جس کے سامعین کی تعداد حضرت مسیح موعود کے معرکہ آراء مضمون کی زبردست مقناطیسی جذب وکشش سے سات آٹھ ہزار تک پہنچ گئی۔ چنانچہ سیکرٹری جلسہ جناب دھنپت رائے بی اے ایل ایل بی پلیڈر چیف کورٹ کا بیان ہے:۔

”اس وقت کوئی سات اور آٹھ ہزار کے درمیان مجمع تھا۔ مختلف مذاہب وملل اور مختلف سوسائٹیوں کے معتدبہ اور ذی علم آدمی موجود تھے۔ اگرچہ کرسیاں اور میزیں اور فرش نہایت ہی وسعت کے ساتھ مہیا کیا گیا لیکن صدہا آدمیوں کو کھڑا ہونے کے سوا اور کچھ نہ بن پڑا اور ان کھڑے ہونے والے شائقینوں میں بڑے بڑے رؤساء عمائد پنجاب، علماء، فضلاء، بیرسٹر، وکیل، پروفیسر، اکسٹرا اسسٹنٹ، ڈاکٹر غرضیکہ اعلیٰ طبقہ کے مختلف برانچوں کے ہر قسم کے آدمی موجود تھے۔ ان لوگوں کے اس طرح جمع ہو جانے اور نہایت صبر وتحمل کے ساتھ جوش سے برابر پانچ چار گھنٹہ اس وقت ایک ٹانگ پر کھڑا رہنے سے ثابت ہوتا ہے کہ ان ذی جاہ لوگوں کو کہاں تک اس مقدس تحریک سے ہمدردی تھی“۔

(رپورٹ جلسہ اعظم مذاہب ص79 ناشر خواجہ غلام محی الدین صاحب تاجر پشمینہ لاہور۔ مطبع صدیقی اشاعت 1315 ہجری مطابق 1897ء)

اس پُرشکوہ کانفرنس کا روح رواں تو حضرت مسیح موعود کا مضمون تھا جو رب کائنات کی قبل از وقت الہامی بشارت کے مطابق برصغیر میں مذاہب کے فاضل وکلاء پر بالا رہا اور دین حق کو فتح مبین حاصل ہوئی جس کا کھلا اعتراف اس دور کے پریس نے بھی کیا۔ ایک قابل ذکر اور خاص پہلو آج تک اکثر آنکھوں سے اوجھل رہا ہے اور وہ یہ کہ اس تاریخی کانفرنس کے مبارک سٹیج پر صرف ایک نظم پڑھی گئی۔ جو حضرت سید میر ناصر نواب صاحب دہلوی (نبیرہ حضرت خواجہ میر درد دہلوی) کی تھی اور اس کا افتتاح اور اختتام الحاج حضرت حافظ حکیم مولانا نورالدین صاحب بھیروی کے اثر انگیز خطابات سے ہوا۔ حضرت علامہ کانفرنس کی انتظامیہ کمیٹی کے چھ معزز ماڈریٹران میں بھی شامل تھے۔ کانفرنس میں مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب بٹالوی ایڈیٹر اشاعۃ السنہ اور جناب مولوی ثناء اللہ صاحب مدرس مدرسہ تائید الاسلام امرتسری کی تقریریں بھی ہوئیں۔ جن کے پیچھے خداتعالیٰ کی کئی مصلحتیں کارفرما تھیں۔

انتخاب اشعار آبدار

حضرت میر سید ناصر نواب صاحب دہلوی کی اغراض جلسہ سے متعلق طویل نظم کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

ہر سمت خوشی کے قہقہے ہیں
بلبل کی طرح سے چہچہے ہیں
کافور ہوئے ہیں جہل و اوہام
تحقیق سے لے رہے ہیں سب کام
اظہار کا حق کے وقت آیا
ہے جوش میں اپنا اور پرایا
ہر فرقہ کے آدمی اکٹھے
کس شوق سے ایک جا ہیں بیٹھے
سب اپنے ہنر کریں گے اظہار
ہر دین کے آئیں گے مددگار
مذہب کے کھلیں گے آج دفتر
ہر فرقے کے یہاں کھلیں گے جوہر
تہذیب سے ہو گی گفتگوئیں
ہر دین کی ہو گی جستجوئیں
اخلاق سے بات چیت ہو گی
تہذیب سے ہار جیت ہو گی
آساں نہیں یاں زباں ہلانا
کچھ کھیل نہیں یہاں پہ آنا
دعویٰ پہ دلیل لانی ہو گی
ورنہ وہ فقط کہانی ہو گی
جو بولے کتاب سے وہ بولے
کچھ اپنی طرف سے لب نہ کھولے
دے اپنی کتاب کا حوالا
سمجھے جسے حکم وہ خدا کا
کچھ اس سے نہ بیش و کم کرے وہ
باہر نہ قدم ذرا دھرے وہ
ہر بات پہ حکم لاتا جاوے
ہر حکم یہاں سناتا جاوے
ہو اصل کتاب کی عبارت
حاصل ہو ہر اک کو بصارت
تہذیب سے خلق سے بیاں ہو
ہر ایک کا حال تا عیاں ہو
عالم کی ہو جس میں خیر خواہی
ہووے نہ وہ باعث تباہی
مخلوق کو جس سے فائدہ ہو
القصہ کہ نیک قاعدہ ہو
تقریر میں امن و عافیت ہو
تحریر میں کچھ صلاحیت ہو
ہے وقت عجب بہار کا آج
آوے گا نظر یہاں خدا آج

(رپورٹ ص 17,16)

حضرت علامہ نورالدین بھیروی کا افتتاحی لیکچر

حضرت علامہ کا افتتاحی لیکچر رپورٹ کے صفحہ 57,56 پر اور اختتامی صفحہ 258 تا 261 میں مندرج ہوا۔ مؤخر الذکر لیکچر سورۃ الناس کی روح پرور تفسیر پر مشتمل ہے جو نظارت اشاعت ربوہ کی شائع کردہ تفسیر ”حقائق الفرقان“ جلد چہارم کی زینت ہے۔ افتتاحی لیکچر کا متن ذیل میں سپرد اشاعت کیا جاتا ہے۔

”خداتعالیٰ کی مہربانی اور اس کا فضل اور اس کی ربوبیت عامہ اور اس کا وہ فضل جو خاص خاص بندوں پر ہوتا ہے۔ اگر انسان کے شامل حال نہ رہے تو اس کا وجود کب رہ سکتا ہے۔ منجملہ اس کی مہربانیوں کے جو ہم پر آجکل عطا فرمائی ہیں علم کے حاصل کرنے کے ذریعے اور اس کے مخازن ہیں جو عطا کئے ہیں۔ کاغذ کا افراط سے بننا مطبعوں کا جاری ہونا۔ پوسٹ آفسوں کی وہ ترقی کہ نہایت ہی کم خرچ پر ہم اپنے خیالات کو دور دراز ممالک میں پہنچا سکتے ہیں۔ پھر تار کا عمدہ انتظام، ریل اور جہاز کے ذریعہ سفر میں آسانی یہ تمام انعام الٰہی ہیں اگر انسان اس کا شکر ادا نہیں کرتا تو وہ ضرور عذاب میں گرفتار ہوگا۔ لیکن جو شکر کرتا ہے خدا اس میں بڑھوتی کرتا ہے۔ میں نے اپنے ابتدائی زمانہ میں دیکھا ہے جو کتابیں ہمیں مشکل سے ملتی نہیں بلکہ جن کے دکھانے میں تامل اور مضائقہ ہوتا تھا۔ تھوڑے زمانہ سے دیکھتے ہیں کہ قسطنطنیہ کی عمدہ عمدہ کتابیں اور ایسا ہی الجزائر مراکش، تیونس، طرابلس اور مصر سے آسانی کے ساتھ گھر بیٹھے پہنچتی ہیں۔ ہر ایک شخص کو واجب ہے کہ اس امن کے زمانہ میں اس نعمت الٰہی سے بڑا فائدہ حاصل کرے۔ مذہب میرے نزدیک ایسی چیز ہے کہ کوئی آدمی دنیا میں بغیر قانون کے زندگی بسر نہیں کرسکتا۔

گورنمنٹ کے قانون کی منشا حقوق کی حفاظت ہے۔ لیکن ان قانونوں پر عمل درآمد کرنے کے لئے جو جو حدود باندھے گئے ہیں وہ اس قسم کے ہیں کہ ان سے ممکن ہے جرائم کا انسداد ہو لیکن محرکات جرائم کو روکنا ان کے احاطہ سے باہر ہے مثلاً یہ تو ممکن ہے کہ اگر کوئی شخص زنا بالجبر کا مرتکب ہو تو گورنمنٹ اسے سزا دے لیکن بدنظری سے بدصحبتوں سے بدخواہشوں سے جو انسان میں پیدا ہو کر اس سے طرح طرح کے جرائم کراتی ہیں۔ اس کا انسداد قانون گورنمنٹ سے باہر ہے۔ گورنمنٹ کا قانون انہیں نہیں روک سکتا۔ ایسا قانون مذہب ہے جو ان امور سے ہم کو روکتا ہے۔ ہمارے بعض افعال سے وہ ناراض ہوتا ہے۔ مومن اور فاسق ایک جیسے نہیں۔ اپنے معتقدات اور اعمال کے لحاظ سے وہ ایک دوسرے کے متساوی نہیں ایسے ہی ان کے اعمال یکساں نتائج مرتب نہیں کرتے۔ یہ ایک مذہب کا ہی قانون ہے جس نے فاسق کو ان امور کے لئے بھی مجرم ٹھہرا کر اسے ان کے ارتکاب سے روکا ہے۔ جن کا انسداد گورنمنٹ کے قانون سے باہر ہے۔ چنانچہ بعض ایسی سیہ کاریاں بھی ہیں جو اگرچہ عقلاً نقلاً بری نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں اور اہالیان گورنمنٹ اور ایسے ہی سوسائٹی کے دوسرے افراد اسے کامل بداخلاقی سمجھتے ہیں لیکن نہ تو بذات خود گورنمنٹ بحیثیت گورنمنٹ اور نہ افراد سوسائٹی کوئی حکمی انسداد اس کے بند کرنے کا اپنے پاس رکھتے ہیں۔ مثلاً شراب خواری یا عیاشی جس میں فریقین راضی ہوں ایسے جرائم اور سیہ کاریوں کے انسداد کے لئے اگر کوئی قانون مفید ہوسکتا ہے تو وہ صرف مذہب کا ہی قانون ہے جو نہ صرف ایسے جرائم کو ہی روکتا ہے۔ بلکہ ان خیالات اور خطرات نفس پر بھی اس کی حکومت ہے جو ان جرائم اور کج اخلاقیوں کے محرک ہوتے ہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ جب انسان مدنی بالطبع ہونے کی صورت میں ایک قانون کا طبعاً اور مجبوراً محتاج ہے تو وہ قانون صرف شریعت الٰہی ہے جس میں سیاست مدن کی تکمیل کماحقہ ہوسکتی ہے اور یہی شریعت اصلاح انسانی کے لئے اپنے اندر وہ طاقت رکھتی ہے اور اسی شریعت کو انسانی طبیعت پر اس قدر غلبہ ہے جو کسی گورنمنٹ کے قانون کو خواہ اس میں کیسی ہی جابرانہ طاقت کیوں نہ ہو، نصیب نہیں۔ لہٰذا مذہب میں انسان کو دلچسپی پیدا کرنا گورنمنٹ کے قوانین امن کی حفاظت کی ضرورت سے ہے، نہیں، بلکہ صدمات سے محفوظ رکھنے کا پہلا باعث ہے۔ اس ضروری چیز کے لئے فکر چاہئے۔ فکر ہے تو ضرورتوں کے موافق سامان بن جاتا ہے۔ اس وقت جب ہمیں طرح طرح کے سامان خداتعالیٰ نے مہیا کر دیئے ہیں تو یہ گویا خداتعالیٰ کی ناشکری ہوگی اگر ہم ان خدا کی عطا کردہ نعمتوں سے فائدہ اٹھا کر ان قوانین پر غور نہ کریں جو خدا کی طرف سے مذہب نے مرتب کر کے ہمارے اعمال اور افعال کو ان کے ماتحت کیا اس لئے نہایت ضروری ہے کہ ہم مذہب کی نگہبانی کریں۔

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خطبہ جمعہ

بچوں کو قرۃ العین بنانے کے لئے ماں باپ کو اپنی اصلاح بھی کرنی ہوگی اور اپنے نمونے بھی قائم کرنے ہوں گے

اگر گھریلو سطح پر بھی میاں بیوی تقویٰ کی راہوں پر قدم نہیں مار رہے تو اولاد کے حق میں اپنی دعاؤں کی قبولیت کے نشان کس طرح دیکھ سکتے ہیں۔ پھر اگر تقویٰ مفقود ہے تو خلافت اور جماعت کی برکات سے کس طرح فیض پا سکتے ہیں۔ خلافت کے لئے تو اللہ تعالیٰ نے اعمال صالحہ کی شرط رکھی ہوئی ہے۔ اگر تقویٰ نہیں تو اعمال صالحہ کیسے ہوسکتے ہیں یا اگر اعمال صالحہ نہیں تو تقویٰ نہیں۔ اور تقویٰ نہیں تو نہ ہی ایک دوسرے کے لئے قرۃ العین بن سکتے ہیں، نہ ہی اولاد قرۃ العین بن سکتی ہے

اگر اولاد مانگنی ہے، لڑکے مانگنے ہیں تو آپس میں لڑ کر گھروں میں بے چینیاں پیدا کرنے کی بجائے تقویٰ پر قائم ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے مانگنی چاہئے اور نیک اولاد کی دعا مانگنی چاہئے

اللہ تعالیٰ کی صفت اَلْوَھَّاب کے حوالہ سے قرآنی آیات کی روشنی میں اہم نصائح

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 14 رنومبر 2008ء بمطابق 14 رنبوت 1387 ہجری شمسی بمقام بیت الفتوح، لندن برطانیہ

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا

اللہ تعالیٰ کا ایک نام وَاھِب یا وَھَّاب بھی ہے۔ اس لفظ کی مختلف اہل لغت نے جو وضاحت کی ہے اور معنی بیان کئے ہیں وہ تقریباً ایک ہیں اس لئے مَیں نے لسان العرب (یہ لغت کی کتاب ہے) نے جو معنی بیان کئے ہیں وہ لئے ہیں۔ اس میں لکھا ہے کہ اَلْوَھَّاب اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے یعنی اَلْمُنْعِمُ عَلَی الْعِبَاد اپنے بندوں پر انعام کرنے والا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی صفت وَاھِبٌ بھی ہے۔ لکھتے ہیں کہ اَلْھِبَہ ایسا عطیہ جو عوض میں کچھ لینے یا دیگر اغراض و مقاصد سے مبرّا ہو اور جب ایسی عطا بہت کثرت سے ہو تو اس عطا کرنے والے کو وَھَّاب کہتے ہیں۔

یہ لفظ انسانوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے لیکن حقیقی وَھَّاب اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے جو اپنے بندوں کو مانگنے پر بھی اور بغیر مانگنے پر بھی کثرت سے عطا فرماتی ہے۔ ایک حقیقی مومن اگر غور کرے تو اللہ تعالیٰ کے وَھَّاب ہونے کے نظارے، اس کی عطاؤں اور انعاموں کے نظارے ہر وقت دیکھتا ہے اور یہی بات ہمیں ہمارے زندہ خدا کا پتہ دیتی ہے۔ لیکن جو انسان ناشکرا ہے اس کو اللہ تعالیٰ کی عطائیں اور فضل نظر نہیں آتے۔ جو دنیا کی آنکھ سے دیکھتا ہے وہ دنیا کو ہی ان چیزوں کا ذریعہ سمجھتا ہے جو اُسے مل رہی ہوتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں مختلف حوالوں سے اس لفظ کا بھی استعمال فرمایا ہے اور اپنی اس صفت کا بھی استعمال فرمایا ہے۔ انبیاء اور نیک لوگوں پر اپنی عطاؤں کا بھی ذکر فرمایا ہے اور اپنی صفت کے حوالے سے دعاؤں کی طرف بھی توجہ دلائی ہے۔ جس میں نیک اولاد کے لئے بھی دعائیں ہیں، معاشرے کی نیکی کے لئے بھی دعائیں ہیں، اپنے تقویٰ میں بڑھنے کے لئے بھی دعائیں ہیں، ایمان میں مضبوطی کی بھی دعائیں ہیں۔ تو مختلف دعاؤں کا ذکر ہے۔

اس وقت مَیں ان قرآنی دعاؤں کے حوالے سے ایک پہلو کا ذکر کروں گا۔

اللہ تعالیٰ نے مومنوں کی نسل کو اپنے مقصد پیدائش کے قریب رکھنے بلکہ اس کا حق ادا کرنے کے لئے اپنے نیک بندوں کو اس طرف توجہ دلائی کہ وہ اپنی اولاد بلکہ بیویوں کے لئے بھی دعائیں کریں۔ بلکہ بیویوں کو بھی کہا کہ اپنے خاوندوں اور اولاد کے لئے دعائیں کریں تاکہ نیکیوں کی جاگ ایک دوسرے سے لگتی چلی جائے اور نسل در نسل قائم رہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ....(سورۃ الفرقان آیت :75) اور وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے ربّ! ہمیں اپنے جیون ساتھیوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر اور ہمیں متقیوں کا امام بنا۔

یہ جامع دعا ہے کہ آنکھوں کی ٹھنڈک بنا، ایک دوسرے کے لئے بھی اور اپنی اولاد میں سے بھی ایسی اولاد ہمیں عطا کر جو آنکھوں کی ٹھنڈک بنے اور جب اللہ تعالیٰ یہ دعا سکھاتا ہے کہ آنکھوں کی ٹھنڈک مانگو تو اللہ تعالیٰ کے ان لامحدود فضلوں کی دعا مانگی گئی ہے جس کا علم انسان کو نہیں، خدا تعالیٰ کو ہے جس کا انسان احاطہ ہی نہیں کرسکتا۔ اور میاں بیوی اور اولادیں نہ صرف اس دنیا میں ان نیکیوں پر قدم مار کر جو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بتائی ہیں ایک دوسرے کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنتے ہیں بلکہ مرنے کے بعد بھی ان نیکیوں کی وجہ سے جو انسان اس دنیا میں کرتا ہے، اللہ تعالیٰ انہیں اپنے انعامات سے نوازتا ہے۔ ایک مومن کے مرنے کے بعد اس کی نیک اولاد ان نیکیوں کو جاری رکھتی ہے جس پر ایک مومن قائم تھا۔ اپنے ماں باپ کے لئے نیک اولاد دعائیں کرتی ہے جو اس کے درجات کی بلندی کا باعث بنتے ہیں۔ دوسری نیکیاں کرتی ہے جو ان کی درجات کی بلندی کا باعث بنتی ہیں۔ پس یہ اولاد کی نیکیاں اور اپنے ماں باپ کے لئے دعائیں اگلے جہان میں بھی ایک مومن کو آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کرتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے............(السجدہ:18) پس کوئی ذی روح یہ نہیں جانتا کہ اس کے اعمال کے بدلہ میں اس کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک میں سے کیا کچھ چھپا کر رکھا گیا ہے۔

یہ ان لوگوں کے بارہ میں کہا گیا ہے جو تقویٰ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف بھی توجہ دیتے ہیں اور اس کی راہ میں خرچ بھی کرتے ہیں اور دوسری نیکیاں بھی بجالاتے ہیں۔ وہ راتوں کو اٹھ اٹھ کر سیدھے راستے پر چلنے اور اپنی اولاد کے سیدھے راستے کی طرف چلنے کے لئے دعائیں کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک مانگتے ہیں جس کا علم صرف اور صرف خدا تعالیٰ کی ذات کو ہے۔ اپنی اولادوں اور اپنی بیویوں اور خاوندوں کے لئے اور بیویاں اپنے خاوندوں کے لئے دعا مانگتی ہیں کہ یہ سب تقویٰ پہ قائم رہیں اور اللہ تعالیٰ ان سب کے لئے اس دنیا میں بھی انعامات عطا فرمائے جو اس کی رضا کے حامل بنائے اور

اگلے جہان میں بھی اللہ تعالیٰ کا قرب پانے والے ہوں۔

پس یہ دعا ہے جو اللہ تعالیٰ کے وہ بندے جو عباد الرحمٰن ہیں، نیکیاں بجالاتے ہوئے مانگتے ہیں اور اپنے پیچھے بھی ایسی نسل چھوڑنے کی کوشش کرتے ہیں جو تقویٰ پر قدم مارنے والی ہو۔ یہ دعا اللہ تعالیٰ نے ہمیں سکھا کر ہمیں ہر وقت اس اہم کام کی طرف توجہ دلائی ہے جو اس کی رضا حاصل کرنے کا نہ صرف ہماری ذات کے لئے ذریعہ بنے بلکہ آئندہ نسلیں بھی اس راستے پر چلنے والی ہوں جو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا وارث بنیں۔

وَاجْعَلْنَا...... کہہ کر یہ بتا دیا کہ آنکھوں کی ٹھنڈک تبھی ہو سکتی ہے جب تم بھی اور تمہاری اولادیں بھی تقویٰ پر چلنے والے ہوں گے۔ اگر تمہارے اپنے فعل ایسے نہیں جو تقویٰ کا اظہار کرتے ہوں تو اپنے دائرہ میں متقیوں کے امام بھی نہیں بن سکتے۔

پس ہم میں سے ہر ایک کو اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ کیا اس دعا کے ساتھ ہم آپس میں حقوق کی ادائیگی کے لئے تقویٰ پر چل رہے ہیں؟ اپنے بچوں کی تربیت کے لئے ان شرائط کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو انہیں تقویٰ پر چلانے والی ہوں۔ اگر گھریلو سطح پر بھی میاں بیوی تقویٰ کی راہوں پر قدم نہیں مار رہے تو اولاد کے حق میں اپنی دعاؤں کی قبولیت کے نشان کس طرح دیکھ سکتے ہیں۔ پھر اگر تقویٰ مفقود ہے تو خلافت اور جماعت کی برکات سے کس طرح فیض پا سکتے ہیں۔ خلافت کے لئے تو اللہ تعالیٰ نے اعمال صالحہ کی شرط رکھی ہوئی ہے۔ اگر تقویٰ نہیں تو اعمال صالحہ کیسے ہو سکتے ہیں یا اگر اعمال صالحہ نہیں تو تقویٰ نہیں اور تقویٰ نہیں تو نہ ہی ایک دوسرے کے لئے قرۃ العین بن سکتے ہیں، نہ ہی اولاد قرۃ العین بن سکتی ہے۔ پس اولاد کو بھی قرۃ العین بنانے کے لئے، آنکھوں کی ٹھنڈک بنانے کے لئے، اپنی حالتوں اور اپنی عبادتوں کی طرف دیکھنے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم وہ معیار حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

آنحضرت ﷺ نے میاں بیوی کی عبادتوں کے بارے میں یہ نصیحت کی ہے، آپؐ فرماتے ہیں کہ اللہ رحم کرے اس شخص پر جو رات کو اٹھے، نماز پڑھے، اور اپنی بیوی کو جگائے۔ اگر وہ اٹھنے میں پس و پیش کرے تو پانی کے چھینٹے ڈالے تاکہ وہ اُٹھ کھڑی ہو۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ رحم کرے اس عورت پر جو رات کو اٹھے، نماز پڑھے اور اپنے میاں کو جگائے، اگر وہ اٹھنے میں پس و پیش کرے تو پانی چھڑکے تاکہ وہ اٹھ کھڑا ہو۔

پس یہ فرائض دونوں کے ہیں۔ میاں کے بھی اور بیوی کے بھی کہ اپنی عبادتوں کی طرف توجہ دیں تاکہ نسلوں سے بھی قرۃ العین حاصل ہو۔ بعض مردوں کی شکایات آتی ہیں، رات کو اٹھنا تو علیحدہ رہا، عورتوں کے جگانے کے باوجود، فجر کی نماز کے علاوہ اور دوسری نمازوں میں بھی توجہ دلانے کے باوجود سستی دکھاتے ہیں۔ ایسے لوگ کس طرح اور کس منہ سے رَبَّنَا هَبْ .... کی دعا کرتے ہیں۔ کس طرح وہ اپنی اولاد میں قرۃ العین تلاش کر سکتے ہیں، کس طرح اللہ تعالیٰ سے یہ امید رکھتے ہیں یا رکھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ ان کی اولاد کے متقی ہونے کی دعا قبول ہو۔ ہاں اللہ تعالیٰ فضل کرنا چاہے تو کوئی روک نہیں۔ وہ تو مالک ہے لیکن اگر اس کے فضل سے حصہ لینا ہے تو تقویٰ کے یہ نمونے دکھانے کا بھی اللہ تعالیٰ کا حکم ہے، اپنی حالتوں کے درست کرنے کا بھی اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ پس اپنے بچوں سے قرۃ العین بننے کی توقع اور خواہش رکھنے والوں کو آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد کو بھی پیش نظر رکھنا ہوگا کہ اچھی تربیت سے بڑھ کر کوئی بہترین تحفہ نہیں جو باپ اپنی اولاد کو دیتا ہے، یا دے سکتا ہے۔ (سنن الترمذی باب ما جاء فی ادب الولد)۔ اور اچھی تربیت اس وقت ہوتی ہے جب انسان کے اپنے عمل بھی ایسے ہوں جو اولاد کے لئے نمونہ بن سکیں۔ عبادتوں کے معیار بھی اچھے ہوں دوسرے اعمال بھی اچھے ہوں۔

حضرت مسیح موعود اس آیت کی وضاحت کرتے ہوئے ایک جگہ فرماتے ہیں کہ:

”خدا تعالیٰ ہم کو ہماری بیویوں اور بچوں سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرماوے اور یہ تب ہی میسر آ سکتی ہے کہ وہ (یعنی انسان) فسق و فجور کی زندگی بسر نہ کرتے ہوں بلکہ عباد الرحمٰن کی زندگی بسر کرنے والے ہوں اور خدا کو ہر شے پر مقدم کرنے والے ہوں“۔ فرمایا ”اور کھول کر کہہ دیا وَاجْعَلْنَا............ ۔ اولاد اگر نیک اور متقی ہو تو یہ ان کا امام بھی ہوگا۔ اس سے گویا متقی ہونے کی بھی دعا ہے۔

(الحکم جلد 5 نمبر 35 مورخہ 24 ستمبر 1901)

پس یہ ذمہ داری پہلے مَردوں کی ہے کہ اپنے آپ کو ان راستوں پر چلانے کی کوشش کریں جو اسے عباد الرحمٰن بنانے والے ہوں۔ عورتیں بھی اپنے گھر کی نگران کی حیثیت سے اس بات کی ذمہ دار ہیں کہ تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنے اور اپنے خاوندوں کے بچوں کی تربیت کریں تاکہ وہ معاشرے کا ایک بہترین اور مفید وجود بن سکیں۔ لیکن عورتوں کی تربیت کے لئے بھی پہلے مَردوں کو قدم اٹھانے ہوں گے۔ جب دونوں نیکیوں پر قدم مارنے والے ہوں گے۔ تو پھر اولاد بھی نیکیوں پر چلنے کی کوشش کرے گی۔ دونوں کی دعائیں بھی اولاد کی تربیت میں مددگار بن رہی ہوں گی۔

پہلے جو مَیں نے حدیث بیان کی تھی کہ اگر مَرد پہلے جاگے تو عورت کو جگائے اور اگر عورت پہلے جاگے تو مَرد کو جگائے۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ دونوں میاں بیوی آپس میں بڑے پیار اور محبت کے تعلق والے ہوں، انڈرسٹینڈنگ (Understanding) ہو، ایک دوسرے کو سمجھتے ہوں کہ ہم نے اپنی رات کی عبادت اور نمازوں کی حفاظت کرنی ہے اس لئے صبح اٹھنے کے لئے ایک دوسرے کی مدد کرنی ہے۔ اگر آپس میں یہ انڈرسٹینڈنگ نہیں تو مرد جب پڑا سو رہا ہوگا (ایسی شکایتیں بعض دفعہ آتی ہیں) اور عورت جب اسے نماز کے لئے جگاتی ہے تو بیچاری کی شامت آ جاتی ہے اور بعید نہیں کہ یہ بھی ہو جائے کہ سخت الفاظ سننے کے علاوہ بیچاری عورت کو اس سے مار بھی کھانی پڑ جائے۔ اور یہ مَیں صرف مثال نہیں دے رہا، یہ بعض گھروں میں عملی صورت میں ہوتا ہے۔ آہستہ آہستہ پھر عورتیں بھی یا تو خاموش ہو جاتی ہیں اور اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ یا اپنے خاوندوں کی ڈگر پر آ جاتی ہیں۔ اور بچے دنیاوی لحاظ سے تو شاید کچھ بہتر ہو جائیں، پڑھ لکھ جائیں لیکن دینی لحاظ سے بالکل بگڑ جاتے ہیں۔ بلکہ جب اس طرح گھر کی صورتحال ہو تو بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ دنیاوی لحاظ سے بھی کئی بچے برباد ہو جاتے ہیں۔ پس بچوں کو قرۃ العین بنانے کے لئے ماں باپ کو اپنی اصلاح بھی کرنی ہوگی اور اپنے نمونے بھی قائم کرنے ہوں گے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ”ہماری جماعت کے لئے ضروری ہے کہ اپنی پرہیزگاری کے لئے عورتوں کو پرہیزگاری سکھاویں۔ ورنہ وہ گناہگار ہوں گے۔ اور جبکہ اس کی عورت سامنے ہو کر بتلا سکتی ہے کہ تجھ میں فلاں فلاں عیب ہیں تو پھر عورت خدا سے کیا ڈرے گی۔ جب تقویٰ نہ ہو تو ایسی حالت میں اولاد بھی پلید پیدا ہوتی ہے۔ اولاد کا طیّب ہونا تو طیّبات کا سلسلہ چاہتا ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو پھر اولاد خراب ہوتی ہے۔ اس لئے چاہئے کہ سب توبہ کریں اور عورتوں کو اپنا اچھا نمونہ دکھلاویں۔ عورت خاوند کی جاسوس ہوتی ہے، وہ اپنی بدیاں اس سے پوشیدہ نہیں رکھ سکتا۔ نیز عورتیں چھُپی ہوئی دانا ہوتی ہیں۔ یہ نہ خیال کرنا چاہئے کہ وہ احمق ہیں۔ وہ اندر ہی اندر تمہارے سب اثروں کو حاصل کرتی ہیں۔ جب خاوند سیدھے راستے پر ہوگا تو وہ اس سے بھی ڈرے گی اور خدا سے بھی“۔ فرمایا ”عورتیں خاوندوں سے متاثر ہوتی ہیں۔ جس حد تک خاوند صلاحیت اور تقویٰ بڑھاوے گا کچھ حصہ اس سے عورتیں ضرور لیں گی“۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 163-164 جدید ایڈیشن)

پس یہ توقع ہے جو حضرت مسیح موعود نے ہر احمدی مرد سے رکھی ہے۔ یہ الفاظ ہمیں جھنجھوڑنے والے ہونے چاہئیں۔ مردوں پر بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ پہلے تو عورتیں جاہل ہوتی تھیں، کم پڑھی لکھی ہوتی تھیں۔ اب تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے تعلیم کی روشنی نے عورتوں میں بھی عقل و شعور پہلے سے بہت بڑھا دیا ہے۔ جیسا کہ پہلے مَیں نے کہا ایسی عورتیں بھی جماعت میں ہیں اور اکثریت

میں ہیں جو مَردوں کی برائیوں کی وجہ سے کڑھتی ہیں یا ان کی سختیوں کی وجہ سے علیحدہ ہو کے بیٹھ جاتی ہیں۔ اپنی نیکیاں قائم کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ اور مَردوں سے زیادہ بے چین اور پریشان بھی ہوتی ہیں۔ ایسے بھی خاندان ہیں جہاں عورتوں کو اپنی اولاد کی فکر ہوتی ہے اور بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ مَردوں کی جو بگڑی ہوئی حالت ہے اسے دیکھ کر عورتیں بعض دفعہ مَردوں سے علیحدہ ہو جاتی ہیں اور پھر اس کے نتیجہ میں اولاد پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ اس ماحول میں جہاں بچوں کو خاص طور پر باپ کی سرپرستی کی ضرورت ہوتی ہے بچے جوانی میں قدم رکھتے ہیں تو بگڑنے لگتے ہیں۔ تو ان سب چیزوں کے ذمہ دار مَرد ہوتے ہیں۔ تو ایسے مَردوں کو بھی فکر کرنی چاہئے کہ کتنی بدقسمتی ہے کہ ہمارا خدا ہماری بقا اور ہماری نسلوں کی بقا کے لئے ایک دعا سکھا رہا ہے اور اللہ میاں کا دعا سکھانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس کو قبول کرنا چاہتا ہے اور کرتا بھی ہے اور دعا کے الفاظ میں ھَبْ لَنَا کے الفاظ استعمال کر کے یہ بتا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے سے کچھ نہیں لینا وہ تمہاری دنیا و عاقبت سنوارنے کے لئے، تمہاری نسلوں کی بقا کے لئے، صحیح راستے پر چلنے کے طریق سکھاتے ہوئے تمہیں انعام دے رہا ہے۔ ان پہ چلو گے تو انعامات کے وارث بنو گے۔ لیکن ہم اس انعام سے فیض پانے والے نہ بنے۔ پس ہمیں اپنے جائزے لیتے ہوئے اُن راستوں پر چلنے کی کوشش کرنی چاہئے جو ہمیں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والا بنائیں۔ اپنے گھروں کے سکون کو بھی ہمیشہ قائم رکھیں اور اپنے بچوں اور اپنی اولادوں کی طرف سے بھی ہمیشہ آنکھیں ٹھنڈی رکھیں اور حقیقت میں ہر احمدی گھر میں تقویٰ پر قائم رہنے والے لوگ ہوں۔ احمدی معاشرے میں ہر شخص تقویٰ پر چلنے والا ہو اور یہی چیز پھر خلافت کے انعام سے بھرپور فائدہ اٹھانے والا بنائے گی اور یہی بات ....مسیح ومہدی اور امام الزمان کی جماعت میں شامل ہونے کا حق ادا کرنے والا بنائے گی۔ پس خوش قسمت ہیں ہم میں سے وہ جو اس اصل کو سمجھتے ہوئے وَھَّاب خدا سے جب مانگتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی انہیں ایسے ایسے طریق سے قرۃ العین عطا فرماتا ہے جس کا ایک انسان تصور بھی نہیں کر سکتا۔

اولاد کے ضمن میں یہاں ایک اور بات بھی مَیں کہنی چاہتا ہوں جو بعض گھروں کے ٹوٹنے کا باعث بن رہی ہوتی ہے یا میاں بیوی کے آپس کے ناخوشگوار تعلقات کی وجہ سے اولاد پر بُرا اثر ڈال رہی ہوتی ہے اور وہ یہ ہے کہ بعض میاں بیوی کے تعلقات اس لئے خراب ہو جاتے ہیں یا خاوند اپنی بیوی سے اس لئے ہر وقت ناراض رہتا ہے کہ لڑکے کیوں پیدا نہیں ہوتے؟ لڑکیاں کیوں صرف پیدا ہوتی ہیں؟۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے.......... (الشوریٰ: 50) آسمان وزمین کی بادشاہت اللہ ہی کی ہے۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ جسے چاہتا ہے لڑکیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکے عطا کرتا ہے۔

اب اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جسے چاہتا ہے لڑکیاں دیتا ہے جسے چاہتا ہے لڑکے دیتا ہے۔ ایک اور جگہ فرمایا جسے چاہتا ہے لڑکے اور لڑکیاں دونوں ملا کر بھی دیتا ہے۔ تو اب جو اللہ تعالیٰ کی عطا ہے اس میں کسی پر الزام دینا تقویٰ سے ہٹنے والی بات ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو جو عقل اور علاج کے طریقے اس زمانے میں عطا فرما دیئے ہیں ان کے استعمال سے بہتوں کو فائدہ ہوتا ہے اور جن کو لڑکوں کی خواہش ہوتی ہے ان کے لڑکے پیدا ہو جاتے ہیں۔ لیکن یہاں بھی بعض اوقات اپنے خالق ہونے کا اور اپنی مرضی کا اظہار فرماتا ہے۔ لاکھ علاج کروالیں کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ تو اس بات پر بیویوں کی زندگی اجیرن کر دینا کہ تمہارے لڑکیاں کیوں پیدا ہوتی ہیں یا لڑکیوں کو باپ کا اس طرح پیار نہ دینا جس کا وہ حق رکھتی ہیں بلکہ ہر وقت انہیں طعنے دینا، بچیوں کے دلوں میں بھی باپوں کے لئے نفرت پیدا کر دیتا ہے۔ بعض ایسے معاملات جب سامنے آتے ہیں تو حیرت ہوتی ہے کہ ایسے لوگ بھی اس زمانہ میں ہیں جو بچوں پر اس طرح ظلم کر رہے ہیں جن کا ذکر پرانے عرب کے جہالت کے زمانے میں ملتا ہے کہ لڑکی کی پیدائش سے ان کے چہرے سیاہ ہو جاتے ہیں۔ پس یہ جہالت کی باتیں ہیں اس سے ہر مومن کو، ہر احمدی کو بچنا چاہئے۔

مَیں ایک احمدی فیملی کو جانتا ہوں، پرانی بات ہے، ان کے لڑکیاں پیدا ہوتی تھیں۔ چار پانچ بیٹیاں پیدا ہو گئیں۔ انہوں نے بیٹے کی خاطر دوسری شادی کر لی۔ اس بیوی سے بھی دو تین لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ انہوں نے بیٹے کی خاطر تیسری شادی کر لی۔ اس سے پھر تین چار بیٹیاں پیدا ہو گئیں۔ پھر چوتھی شادی کر لی، اس سے بھی اللہ تعالیٰ نے بیٹیاں ہی دیں۔ آخر جو پہلی بیوی تھی جس سے بیٹیاں پیدا ہو رہی تھیں، پہلا بیٹا جو پیدا ہوا اسی بیوی سے پیدا ہوا۔ تو اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے جسے چاہتا ہے جس طرح چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ پس اگر اولاد مانگنی ہے، لڑکے مانگنے ہیں تو آپس میں لڑ کر گھروں میں بے چینیاں پیدا کرنے کی بجائے تقویٰ پر قائم ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے مانگنی چاہئے اور نیک اولاد کی دعا مانگنی چاہئے جس طرح اللہ تعالیٰ نے ہمیں قرآن کریم میں انبیاء کے ذکر میں دعا سکھائی ہے۔

ایک جگہ فرمایا کہ .... (الصّٰفّٰت: 101) کہ اے میرے ربّ! مجھے صالحین میں سے عطا کر۔ یعنی صالح اولاد عطا کر۔

ایک جگہ یہ دعا سکھائی کہ .... (سورۃ آل عمران: 39) اے میرے رب! تو مجھے اپنی جناب سے پاک اولاد بخش۔

پس ہمیشہ ایسی اولاد کی دعا کرنی چاہئے یا خواہش کرنی چاہئے جو پاک ہو اور صالحین میں سے ہو اور ہمیشہ اس کے قرۃ العین ہونے کی دعا مانگنی چاہئے۔ میرے پاس جو بعض لوگ لڑکے کی خواہش کا اظہار کرتے ہیں تو مَیں ان کو ہمیشہ یہی کہتا ہوں کہ نیک اور صحت مند اولاد مانگو۔ بعض دفعہ لڑکیاں لڑکوں سے زیادہ ماں باپ کی خدمت کرنے والیاں ہوتی ہیں اور نیک ہوتی ہیں۔ ماں باپ کے لئے نیک نامی کا باعث بنتی ہیں۔ جبکہ لڑکے بعض اوقات بدنامی اور پریشانی کا باعث بن رہے ہوتے ہیں۔ پس ایک مومن کی یہی نشانی ہے کہ اولاد مانگے نیک اور صالح اور پھر مستقل اس کے لئے دعا کہ آنکھوں کی ٹھنڈک ہو۔ ورنہ ایسی اولاد کا کیا فائدہ جو بدنامی کا موجب بن رہی ہو۔ کئی خطوط میرے پاس آتے ہیں جس میں اولاد کے بگڑنے کی وجہ سے فکرمندی کا اظہار ہو رہا ہوتا ہے۔ لوگ ملتے بھی ہیں تو اظہار کر رہے ہوتے ہیں۔ پس اصل چیز دل کا سکون ہے اور اولادوں کا نیک اور صالح ہونا ہے۔ اگر یہ نہیں تو پھر اولاد بے فائدہ ہے۔

صالحین کی تعریف جو حضرت مسیح موعود نے کی ہے وہ مَیں پیش کرتا ہوں۔

آپ فرماتے ہیں کہ ''صالحین کے اندر کسی قسم کی روحانی مرض نہیں ہوتی اور کوئی مادہ فساد کا نہیں ہوتا''۔

پس یہ معیار ہے جس کے حصول کے لئے ہمیں اپنی اولاد کے لئے دعا مانگنی چاہئے اور خود بھی اس پر چلنے کی کوشش کرنی چاہئے تا کہ آئندہ نسلوں میں بھی نیکی کی جاگ لگتی چلی جائے اور ذریّت طیبہ پیدا ہوتی رہے جو نسل در نسل اپنے آباؤ اجداد کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک کے سامان پیدا کرتی چلی جائے اور جماعت کے لئے، خاندان کے لئے نیک نامی کا باعث ہو اور جیسا کہ مَیں نے کہا یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک ہم اپنی حالتوں کی طرف بھی نظر رکھنے والے اور توجہ دینے والے نہیں بنتے۔ ہم خود بھی صالحین میں شامل ہونے اور تقویٰ پر قدم مارنے والے نہیں بنتے۔ پس اس چیز کو پکڑنے اور اس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

☆......☆......☆

ربوہ کے محلّہ جات میں خلافت جوبلی پروگرام

دارالیمن وسطی حمد

25 تا 27 مئی 2008ء نماز تہجد باجماعت ادا کی گئی۔ خلافت کی اہمیت و برکات پر درس اور تقاریر ہوئیں۔ 28 مئی کو بیت الذکر اور گھروں کو جھنڈیوں سے سجایا گیا نیز دیے جلا کر چراغاں کیا گیا۔ گھروں میں مٹھائی اور کھانا تقسیم کیا گیا۔ (صدر محلّہ)

نصیر آباد سلطان

28 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت کیا گیا جس میں محترم مولانا بشیر احمد قمر صاحب مرحوم ایڈیشنل ناظر تعلیم القرآن و وقف عارضی، مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ اور مکرم عبدالقدیر قمر صاحب مربی سلسلہ نے تقاریر کیں۔ 1 8 6/افراد نے شرکت کی۔ اسی جلسہ میں خلفاء احمدیت کے بارے میں خدام، اطفال اور انصار نے بھی تقاریر کیں۔ اسی دن کھانا تمام گھروں میں تقسیم کیا گیا۔

(صدر محلّہ)

دارالنصر غربی حبیب

مورخہ 28 مئی 2008ء کو بعد نماز عصر لجنہ اماء اللہ دارالنصر غربی حبیب نے جلسہ یوم خلافت منعقد کیا۔ 120/ممبرات نے شرکت کی۔ اور بعد نماز مغرب خدام انصار اور اطفال کا جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ 80/احباب نے شرکت کی۔ اس اجلاس میں محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید مہمان خصوصی تھے۔ دونوں پروگراموں میں حاضری سو فیصد تھی۔ اسی دن تمام احباب کی خدمت میں گراؤنڈ میں اکٹھے کھانا پیش کیا گیا۔ اور بعد میں گھروں میں تقسیم کیا گیا۔ مورخہ 25 تا 27 مئی باجماعت نماز تہجد کا انتظام کیا گیا۔ نفلی روزہ بھی رکھا گیا۔ 27 مئی کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب سنا گیا اور خطاب کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔

(طارق سعید سیکرٹری اصلاح وارشاد)

فیکٹری ایریا احمد

مکرم صدیق احمد منور صاحب صدر محلّہ تحریر کرتے ہیں۔

28 مئی 2008ء کو نماز مغرب وعشاء کے بعد جلسہ یوم خلافت زیر صدارت مکرم نصیر احمد چوہدری صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصار اللہ مقامی ربوہ منعقد کیا گیا۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم شبیر احمد ثاقب صاحب مربی سلسلہ نے خلیفہ خدا بناتا ہے، مکرم صدر مجلس نے حضرت مسیح موعود کی وفات اور خلافت اولیٰ کے انتخاب کے واقعات اور خاکسار نے خلافت احمدیہ اور ہماری ذمہ داریوں کے موضوع پر تقاریر کیں۔ 155/افراد نے شرکت کی۔

دارالعلوم غربی صادِق

مورخہ 26 مئی 2008ء کو نفلی روزہ رکھا گیا۔ مورخہ 27 مئی کو نماز تہجد باجماعت ادا کی گئی۔ 229/افراد نے شرکت کی۔ خلافت جوبلی کے حوالہ سے 4 دروس بھی دیئے گئے۔ واقفین نو کے حوالہ سے جلسہ یوم والدین منعقد کیا گیا حاضری 133/افراد تھی بکرا صدقہ دیا گیا۔

28 مئی کو تمام گھروں میں جھنڈیاں لگائی گئیں۔ دیے جلا کر چراغاں کیا گیا۔ 30 مئی کو تمام گھروں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔ 31 مئی کو جلسہ یوم خلافت کیا گیا۔

(صدر محلّہ)

رحمٰن کالونی

مورخہ 25 تا 27 مئی باجماعت نماز تہجد ادا کی گئی۔ 27 مئی کو حضور انور ایدہ اللہ کا خطاب سننے کیلئے بیت الذکر میں جنریٹر کا انتظام کیا گیا تھا۔ 28 مئی کو تمام گھروں میں جھنڈیاں لگائی گئیں اور دیے جلا کر چراغاں کیا گیا۔ 30 مئی کو تمام گھروں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔ (صدر محلّہ)

دارالفتوح شرقی

مورخہ 25 تا 27 مئی نماز تہجد باجماعت ادا کی گئی۔ تینوں دن درس بھی دیا گیا۔ 27 مئی کو حضور انور ایدہ اللہ کا خطاب بیت الذکر میں سننے کا انتظام کیا گیا۔ 28 مئی کو بیت الذکر اور گھروں کو جھنڈیوں سے سجایا گیا اور دیے جلا کر چراغاں کیا گیا۔ 29 مئی کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ محترم مولانا محمد اعظم اکسیر صاحب نے خلافت کے متعلق ایمان افروز واقعات سنائے۔ 255/افراد نے شرکت کی۔ اسی روز رات کو تمام گھروں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔ 30 مئی کو مٹھائی تقسیم کی گئی۔

(نذیر احمد سیکرٹری اصلاح وارشاد)

دارالیمن شرقی صادق

جلسہ یوم خلافت مورخہ 19 مئی 2008ء کو بعد نماز مغرب وعشاء بیت الصادق محلّہ دارالیمن شرقی الف میں منعقد ہوا۔ محترم راجہ نصیر احمد صاحب اور مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب نے خطاب فرمایا۔ حاضری 970 تھی۔ جلسہ کے بعد حاضرین میں مٹھائی اور مہمانان کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ تقریباً ایک من مٹھائی تقسیم ہوئی۔ مورخہ 25 تا 27 مئی روزانہ نماز تہجد کا انتظام کیا گیا۔ نماز فجر کے بعد تینوں روز خلافت کے موضوع پر درس ہوا۔ مورخہ 15 مئی سے ربوہ کو غریب دلہن کی طرح سجانے کے سلسلہ میں روزانہ گلیوں میں وقار عمل کا اہتمام کیا گیا۔ ہر گلی کے لئے الگ الگ گروپ بنائے گئے۔ جنہوں نے اپنی اپنی گلی کی صفائی کیلئے بھرپور کام کیا۔ مورخہ 27 مئی کو بیت الذکر میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا خطاب سننے کیلئے انتظام کیا گیا۔ حاضری 450/خواتین وحضرات تھی۔ اختتام پر مٹھائی اور شربت روح افزا سے حاضرین کی تواضع کی گئی۔

مورخہ 28 مئی کو بعد نماز عصر بیت الصادق میں لجنہ اماء اللہ کا جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا۔ اس پروگرام میں 280 حاضری تھی۔ اس اجلاس کے اختتام پر بھی مٹھائی تقسیم کی گئی۔

مورخہ 28 مئی کو محلّہ کے تمام گھروں میں کھانا تقسیم کیا گیا۔ کھانے کے ساتھ ہی ایک ایک ڈبہ مٹھائی فی گھر بھی تقسیم کیا گیا۔

پورے محلّہ اور بیت الصادق کی تزئین و آرائش جھنڈیوں سے کی گئی۔ رات کو دیئے جلا کر محلّہ کے ہر گھر پر چراغاں کیا گیا۔

مورخہ 27,19 اور 30 مئی کو جماعتی طور پر بطور صدقہ بکرے ذبح کئے گئے۔

مورخہ 29 مئی ناصرات الاحمدیہ کا ایک تربیتی پروگرام منعقد ہوا۔ جس میں مختلف مقابلہ جات ہوئے۔ صبح کا ناشتہ دوپہر کا کھانا اور شام کا کھانا دیا گیا شام کے وقت بچیوں کی ماؤں کو بھی اختتامی اجلاس میں بلایا گیا۔ اسی روز صبح ناصرات نے بہشتی مقبرہ کی اجتماعی طور پر زیارت کی اور دعا کی۔

(ادریس شاہد صدر محلّہ دارالیمن شرقی الف)

دارالصدر غربی قمر

سیکرٹری صاحب اصلاح وارشاد تحریر کرتے ہیں۔ مورخہ 24 مئی 2008ء کو بیت قمر میں مکرم تصور احمد صاحب صدر محلّہ کی زیر صدارت جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا تلاوت ونظم کے بعد مکرم راشد محمود صاحب مربی سلسلہ نے برکات خلافت اور خاکسار نے خلیفہ خدا بناتا ہے کہ موضوع پر تقاریر کیں۔ صدر صاحب نے صدارتی ریمارکس کے بعد دعا کروائی 5 4 3 افراد نے شرکت کی۔

دارالعلوم شرقی ہادی

اللہ تعالیٰ کے فضل سے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے سلسلہ میں محلّہ میں انصار، خدام ،اطفال کے دو اجلاسات کروائے گئے۔ مورخہ 25 مئی 2008ء کے جلسہ میں 100 افراد، 30 مئی کے اجلاس میں 94 افراد نے شرکت کی۔ اسی طرح لجنہ کا اجلاس مورخہ 28 مئی کو ہوا جس میں 176 لجنات وناصرات نے شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ تمام احمدیوں کو ہمیشہ خلافت سے وابستہ رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(صدر محلّہ)

ناصر آباد جنوبی

مکرم محمد رفیع بٹ صاحب صدر محلّہ ناصر آباد جنوبی تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 30 مئی 208ء کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم ڈاکٹر محمد اقبال خاں صاحب، مکرم چوہدری محمد عابد صاحب اور مکرم خالد احمد اسد صاحب نے برکات خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں۔ ازاں بعد خاکسار نے مقام خلافت اور ہماری ذمہ داریوں کے موضوع پر تقریر کی۔ دعا کے بعد جلسہ اختتام پذیر ہوا۔

بیوت الحمد

مکرم محمد یٰسین تبسم صاحب صدر محلّہ بیوت الحمد ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 31 مئی کو جلسہ یوم خلافت ہوا۔ تلاوت ونظم کے بعد مربی سلسلہ مکرم عبدالقدیر قمر صاحب، مکرم مظفر احمد اٹھوال صاحب مربی سلسلہ نے تقاریر کیں۔ انصار، خدام، اطفال، لجنہ، ناصرات کی کل حاضری 188 تھی۔ 27 مئی کو حضور انور ایدہ اللہ کا خطاب بیت الذکر میں سنا گیا۔

مورخہ 28 مئی کو لجنہ اماء اللہ نے جلسہ یوم خلافت منعقد کیا اسی دن گھروں کو جھنڈیوں سے سجایا گیا اور رات کو دیئے جلا کر چراغاں کیا گیا۔

ناصر آباد غربی

مکرم مبارک احمد عابد صاحب صدر محلّہ تحریر کرتے ہیں کہ

مورخہ 30 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ تلاوت ونظم کے بعد خاکسار نے 27 مئی کی تاریخی اہمیت کے حوالے سے تعارف کروایا۔ اس کے بعد مکرم خواجہ مظفر احمد صاحب مربی سلسلہ نے برکات خلافت احمدیہ اور محترم مولانا عبدالوہاب صاحب مربی سلسلہ نے تاریخ خلافت احمدیہ کے موضوع پر تقاریر کیں۔ دوران جلسہ شاملین کی مشروبات سے تواضع کی گئی۔

دارالعلوم جنوبی بشیر

25 تا 28 مئی 2008ء باجماعت نماز تہجد ادا کی گئی۔

مورخہ 27 مئی کو بیت الذکر کو جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا گیا اور محلّہ کے تمام افراد کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب سننے کے لئے انتظام کیا گیا اور سب افراد محلّہ نے خطاب سنا۔ تمام گھروں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

مورخہ 28 مئی کو کھانا تقسیم کیا گیا۔ بیت الذکر اور گھروں پر چراغاں بھی کیا گیا محلّہ کی طرف سے ایک بکرے کا صدقہ دارالضیافت میں دیا گیا۔ (صدر محلّہ)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 92755 میں نوید احمد شیخ

ولد حلیم احمد شیخ قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دانو داندل ضلع مٹھی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-11-9 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ نوید احمد شیخ۔ گواہ شد نمبر 1 طاہر احمد معلم سلسلہ۔ گواہ شد نمبر 2 وجاہت احمد قمر معلم سلسلہ

مسل نمبر 92756 میں بشیر احمد شیخ

ولد شریف احمد شیخ قوم شیخ پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دانو داندل ضلع مٹھی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-11-9 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ بشیر احمد شیخ۔ گواہ شد نمبر 1 داؤد احمد شیخ ولد حلیم احمد شیخ۔ گواہ شد نمبر 2 طاہر احمد معلم سلسلہ

مسل نمبر 92757 میں جمیل احمد

